حکومت گلگت بلتستان

از دفتر میونسپل کارپوریشن گلگت

NO MCG-39(2)2024/ مورخہ جنوری 2026

﴾اشتہار بابت ٹینڈر سوزوکی ویگن اڈہ جات میونسپل کارپوریشن گلگت﴿

سال 2026-27

یہ کہ میونسپل کارپوریشن گلگت نے سال 2025-26 عرصہ ایک سال کے لئے سوزوکی ویگن اڈہ جات کا ٹینڈر مورخہ 29 ستمبر 2025 کو کرانے کا فیصلہ کیا تھا سابقہ ٹھیکیدار کی طرف سے ٹھیکے میں نقصان ہونے کا جواز بنا کر سول کورٹ سے ٹھیکے میں توسیع دینے کا حکم امتناعی حاصل کیا تھا جس باعث مقررہ تاریخ کو ہونے والا اڈے کا ٹینڈر ملتوی کیا گیا اب جبکہ ڈسٹرکٹ جج گلگت کی طرف سے زیر آرڈر شیٹ نمبری C.Mese-No/2025 محررہ 7 جنوری 2026 کے تحت حکم امتناعی ختم کیا گیا ہے اس لئے میونسپل کارپوریشن گلگت نے سوزوکی ویگن اڈہ جات سال 2026-27 کا ٹینڈر مورخہ 29 جنوری 2026 کو دوبارہ کرانے کا فیصلہ کیا ہے

(ٹینڈر سال 2026-27 کی شرائط ذیل ہونگی)

۱۔ یہ کہ بند لفافہ ٹینڈر ریٹ مبلغ 60 لاکھ روپے سے کم ہونے کی صورت میں وہ ٹینڈر کینسل تصور ہوگا۔

۲۔ یہ کہ ٹینڈر میں حصہ لینے کیلئے مبلغ 5 لاکھ روپے کا کال ڈیپازٹ / CDR بند لفافے میں جمع کرانا لازمی ہوگا کال ڈیپازٹ کے بغیر کوئی ٹینڈر قابل قبول نہیں ہوگا۔

۳۔ یہ کہ ٹھیکیدار اڈہ ٹرانسپورٹ پر گلگت شہر میں داخل ہونے پر دن میں ایک دفعہ اڈہ فیس لینے کا حقدار ہوگا۔

۴۔ یہ کہ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ٹھیکیداروں کی طرف سے ٹینڈر شرائط پورے نہ کرنے پر کسی بھی ایک ٹینڈر کو منظور یا مسترد کرنے کا مکمل اختیار رکھتا ہے۔

۵۔ یہ کہ میونسپل کارپوریشن گلگت کی طرف سے پہلے سے مقرر پانچ جگہوں (باب گلگت، کے آئی یو روڈ، پبلک سکول چوک، عثمان آباد، سمین آباد / KIU آر سی سی برج ایریا سے ٹرانسپورٹ سے اڈہ فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

۶۔ یہ کہ ٹینڈر دہندگان یا ٹھیکیدار اس بات کا پابند ہوگا کہ وہ میونسپل کارپوریشن گلگت کے خلاف کورٹ کیس نہیں کرے گا۔

چیف کارپوریشن آفیسر

میونسپل کارپوریشن گلگت

GILGIT